# کے-الیکٹرک اور مشرق پاکستان کی شراکت داری :بجلی کے بل کی ادائیگی پر صارفین کو 10,000 روپے تک کیش بیک حاصل کرنے کا موقع

کراچی، 18 جولائی 2026 :کے-الیکٹرک نے مشرق پاکستان کے ساتھ شراکت داری قائم کی ہے، جس کے تحت مالیاتی ادارے میں کرنٹ اکاؤنٹ رکھنے والے یا نیا کرنٹ اکاؤنٹ کھولنے والے کے-الیکٹرک کے صارفین بجلی کے بل کی ادائیگی پر 10,000 روپے تک کیش بیک حاصل کر سکیں گے۔ یہ اقدام کے-الیکٹرک کی بڑھتی ڈیجیٹل وسائل سے ادائیگیوں کے نظام کو مشرق پاکستان کے ڈیجیٹل بینکنگ پلیٹ فارم سے جوڑتے ہوئے محفوظ، آسان اور کیش کے بغیر لین دین کی حوصلہ افزائی کرے گا، جبکہ مالی شمولیت کے فروغ اور پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کو بھی تقویت دے گا۔

یہ پیشکش ان تمام کے-الیکٹرک صارفین کے لیے دستیاب ہے جو مشرق پاکستان میں کرنٹ اکاؤنٹ یا کرنٹ پرافٹ اکاؤنٹ رکھتے ہوں یا نیا اکاؤنٹ کھولیں، اور اپنے بجلی کے بل کی ادائیگی مشرق کی ایپ کے ذریعے کریں۔ مہم کے تحت اہل صارفین 500 روپے سے لے کر زیادہ سے زیادہ 10,000 روپے تک کیش بیک حاصل کر سکیں گے، جس پر متعلقہ شرائط و ضوابط لاگو ہونگے۔

کے-الیکٹرک کی مجموعی ادائیگیوں میں 70 فیصد سے زائد حصہ ڈیجیٹل وسائل سے ادائیگیوں کا ہے، اور یہ شراکت داری صارفین کو قطاروں میں کھڑے ہونے یا نقد رقم ساتھ رکھے بغیر آسانی سے بل ادا کرنے کے مزید مواقع فراہم کرے گی۔ کے-الیکٹرک کے مجموعی صارفین میں سے 27 لاکھ سے زائد صارفین اس وقت ڈیجیٹل ذرائع سے منسلک ہیں، جو کمپنی کے تقریباً تین چوتھائی صارفین بنتے ہیں، اور یہ سہل و مؤثر ڈیجیٹل سہولیات کی جانب بڑھتے ہوئے رجحان کی عکاسی کرتا ہے۔

اس شراکت داری کے حوالے سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کے-الیکٹرک کی ہیڈ آف مارکیٹنگ اینڈ کسٹمر ایکسپیریئنس، نور افشاں نے کہا، "کے-الیکٹرک میں ہم صارفین کو مزید بہتر تجربہ فراہم کرنے، انہیں زیادہ قدر کی حامل سہولیات مہیا کرنے اور اپنے مالیاتی شراکت داروں کے ساتھ مل کر آسان، مؤثر اور قابلِ رسائی ادائیگی کے حل فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ڈیجیٹل ادائیگیوں کا بڑھتا ہوا رجحان ہمارے صارفین کی بدلتی ہوئی ترجیحات کی عکاسی کرتا ہے، اور اس نوعیت کی شراکت داریاں ہمیں ان کی توقعات کو مزید آسانی، مؤثریت اور سہولت کے ساتھ پورا کرنے کے قابل بناتی ہیں۔"

مشرق پاکستان میں کنٹری پروڈکٹ اونر، عامر حمید نے کہا، "مشرق پاکستان میں ہمارا یقین ہے کہ ڈیجیٹل بینکنگ صارفین کی روزمرہ زندگی میں قدر پیدا کرے۔ یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی لوگوں کی سب سے زیادہ ہونے والی مالیاتی لین دین میں شامل ہے، اس لیے یہ محفوظ ڈیجیٹل

بینکنگ کے فروغ کا ایک بہترین موقع ہے۔ کے-الیکٹرک کے ساتھ ہماری شراکت داری عملی، فائدہ مند اور بہتر بینکنگ تجربہ فراہم کرنے کے عزم کی عکاس ہے، جبکہ یہ پاکستان کو مزید "ڈیجیٹل اور مالی طور پر جامع معیشت کی جانب منتقل کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگی۔